# مانمن خبریں

نمبر 6 _ 16 دسمبر 2012


# خداکی محبت اور برکات حاضر ہیں!
# 30ویں یومِ تاسیس کی عبادت اور جشن میں فنی مظاہرہ



مانمن سینٹرل چرچ کی تشکیل تیس سال پہلے کی گئی تھی اور اب یہ ترقی کر کے ایسا بڑا چرچ بن گیا ہے جس کے پاس زندگی کے کلام کے وسیلہ راہِ نجات پر گامزن بے شمار روحیں ہیں اور یہاں عجیب نشانات و کام ظاہر ہوتے ہیں ۔ 7اکتوبر 2012کو ہمارے چرچ نے تیسواں یومِ تاسیس منا کر ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے ۔ اِس کا جشن منانے کے لئے بہت ہی بڑے حجم کا ایک سٹیج بنایا گیا ، تاروں کی مدد سے ہوا میں اڑان جیسی سرگرمیاں پیش کی گئیں اور لیزبیِم کے ساتھ اِن میں حرکات و سکنات پیدا کی گئیں ۔ اِس کو جی سی این ٹی وی اور انٹر نیٹ پر براہِ راست نشر کیا گیا تھا۔ **فوٹونمبر1:**سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی **فوٹو نمبر2:**ڈاکٹر فرانک رائٹ ، صدر نیشنل ریلیجیس براڈکاسٹرز **فوٹو نمبر3:**جشن کی تقریب میں فنی مظاہرہ "آسمان اور زمین" **فوٹونمبر4:**آئوٹ ڈور فوٹو سٹوڈیو **فوٹو نمبر5-7:**جشن کی شام کا فنی مظاہرہ "خد اکا جلال"

7اکتوبر 2012کو مانمن سینٹرل چرچ نے 30ویں یومِ تاسیس پر تقریباً10,000شاخوں اور اشتراکی کلیسیائوں سمیت جشن منایا ۔

اتوار کی صبح کی عبادت کے دوران سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے واعظ پیش کیا "خد اکو عزیز کلیسیا:آسمان ":جس کی بنیاد یسعیاہ 1:60-3پر تھی ۔ انہوں نے کہا کہ خدا نے کلیسیا کو آسمان دکھادیا ہے ۔برسبیلِ تذکرہ ،گزشتہ تیس برسوں میں خد انے زندگی کے کلام ، خدا کی قدرت اور اعلیٰ درجہ کے معاشرتی فنی مظاہروں کے ذریعہ جن سے روحانی دنیا کی خوبصورتی عیاں ہوتی ہے ، خدا نے اپنی عظیم محبت بیان کی ہے ۔ اس کے بعد تیسویں یومِ تاسیس کی عبادت کے دوران انہوں نے ایک پیغام بعنوان "خدا کی عزیز کلیسیا :زمین" پیش کیا جو یسعیاہ 1:60-3سے ماخوذ تھا۔انہوں نے کہا کہ خدا نے ہمیں جو کہ اس دنیا میں ہیں آسمان پر ہونے والے کام اس لئے دکھائے ہیں تا کہ ہم بدل کر ایسے مردِ روح بنا جائیں جو مشکلات اوردکھوں کے وسیلہ اُس کے مشابہ ہو جائیں اور تقدیس پائیں ۔

عبادت کے دوران صدر نیشنل ریلیجیس براڈکاسٹرزڈاکٹر فرینک رائٹ نے مبارکبادی کا ایک پیغام دیا۔ انہوں نے کہا کہ "آج متعدد کلیسیائیں یسوع مسیح کی انجیل کی منادی کرنے میں خوفزدہ اور ہچکچاہٹ کا شکار ہیں ۔ لیکن مانمن سینٹرل چرچ عجیب طور سے خاص چرچ ہے جو دلیری سے دنیا بھر میں خدا کی قدرت کے وسیلہ اُس کے نام کی منادی کرتا ۔"

پاسٹر جونگ مان لی ، صدر کرسچن ورلڈ ریوائیول مشن ایسو سی ایشن نے عبادت کے آخر میں کلماتِ برکت کہے ۔ پھر "آسمان اور زمین " کے عنوان سے تیسویں یومِ تاسیس کے جشن کے موقع پر فنی مظاہرہ کیا گیا۔ چرچ کی فنی مظاہرہ کی کمیٹی نے خدا کی محبت کا اظہار کیا جس اِس تیسویں یومِ تاسیسی تک چرچ کی راہنمائی کی ہے۔خدا داد گیتوں کے ساتھ فنی مظاہرہ میں اُن آسمانی لشکروں اور فرشتگان اور لوگوں کے دلوں کی مہک جو دنیا کی عکاسی کی گئی جو پھلنے بڑھنے کے دوران تقدیس کی راہ پر گامزن ہو گئے ۔

سٹاف سمیت 500سے زاید لوگوں نے اِس فنی مظاہرے میں حصہ لیا ، اور پھر تقریباً 60منٹ تک دوڑتے رہے ۔(متعلقہ تصاویر صفحہ نمبر4پر ہیں )۔ بلغاریہ سے ڈاکٹر کِرل سویلنوو نے کہا "مجھے اِ س غیر معمولی فنی مظاہرے سے بہت تحریک ملی ہے ۔مجھے یقین ہے کہ یہ مظاہرہ خد اکی موجودگی میں کیا گیا ہے ۔" پاسٹر تسایا فانگ لیو نے کہا کہ "میں نے آسمانی حسن اور آسمان کی بابت اپنی طرف آتی ہوئی شدید خواہش کو محسوس کیا ہے ۔ایسی خوبصورت ادائیگی تھی جو لوگوں کے دلوں میں آسمانی امید کا بیج بوتی ہے اور اسے دنیا بھر میں عام ہونا چاہئے ۔"

مانمن کے اراکین نے خالص ، خوبصورت آسمانی خوشبو محسوس کی اور خدائے ثالوث کے ساتھ نئے یروشلیم میں ہمیشہ تک رہنے کا ارادہ کیا۔ اتوار کو یومِ تاسیس کی عباد ت میں کئی مہمانوں نے شرکت کی جن میں کوریا اور بیرونی علاقوں سے کرسچ رپورٹرز ، مہمانانِ گرامی شریک تھے جن کا تعلق مختلف سیاسی، مذہبی حلقوں سے تھا اور ورلڈ کرسچ ڈاکٹرزنیٹ ورک کے اراکین بھی شریک تھے جنہوں نے گزشتہ کانفرنس میں بھی شرکت کی تھی ۔اُ ن میں سے بعض امریکہ ، چین ، کینیا، انڈیا، جرمنی ، اور پیرو سے طویل سفر کر کے آئے تھے ۔ چرچ کے سامنے کے احاطہ میں مختلف اقسام کے کھانے مہمانوں کو پیش کئے گئے جبکہ مہمانوں اور اراکین کے لئے ایک آئوٹ ڈور فوٹو سٹوڈیوکا اہتمام بھی کیا گیا تھا جس سے محفل کا لُطف دوچندہو گیا ۔

5اکتوبر 2012کوجمعہ کی شب بھر کی عبادت کے دوران کلیسیا کی خصوصی ویڈیو پریزنٹیشن پر مبنی خصوصی "مانمن میگزین" دکھایا گیا جس کا عنوان تھا "دی واک آف فیتھ (ایمان کا سفر)"۔ اس میں مانمن کی تیس سالہ تاریخ دکھائی گئی جس میں اس نے صرف خدا کی راہنمائی میں بڑی تیزی سے ترقی کی ۔عبادت کے دوسرے نصف حصہ میں' پرفارمنگ آرٹ کمیٹی 'نے خصوصی فنی مظاہرہ کیا جس کا عنوان تھا "گلوری ٹو گاڈ'(خدا کو جلال )"۔ عبادت سے پہلے بچوں کا مارچ کرنے والے بینڈ نے بھی بیرونی احاطہ میں" آسمانی سیج" کی شکل کے خصوصی سٹیج پر فن کا مظاہرہ کیا ۔

سینئرپاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے کہا کہ "30ویں یومِ تاسیس کے سلسلہ میں جولائی 2012میں افتتاحی تقریب سے لے کر اب تک ہم نے خود کو برکت کے برتنوں کے طور پر تیار کیا ہے اوراِس تیسویں یومِ تاسیس میں آگے بھی ہمارے چرچ پر اور چرچ کے اراکین پر بھرپور برکات نازل ہوں گی۔" برکت پانے والے ایک رُکن کی گواہی نے اِس پیغام کی حقیقت کو ثابت کر دیا۔

# ِس زمین پر خدا کی منکشف ہونے والی محبت

"اُٹھ منوّر ہو کہ تیرا نُور آگیا اور خداوند کا جلال تجھ پر ظاہر ہوا۔ کیونکہ دیکھ تاریکی زمین پر چھا جائے گی اور تیرگی اُمتوں پر لیکن خداوند تجھ پر طالع ہو گا اور اُس کا جلال تجھ پر نمایاں ہو گا۔ اور قومیں تیری روشنی کی طرف آئیں گی اور سلاطین تیرے طلوع کی تجلی میں چلیں گے۔"

خد اآخیر زمانہ کے لئے انتظامات کے ساتھ اِس چرچ کی تمام تر تاریخ میں راہنمائی کرتا چلا آ رہا ہے ۔اس کا کوئی لمحہ بھی بے معنی نہیں گزرا۔بعض اوقات،ہم نے ایسا محسوس کیا جیسے صورت حال میں سے نکلنے کا کوئی حل نہیں ہے اور بعض اوقات ایسا محسوس ہوا کہ ہم کسی ایسی سمت میں‌چل رہے ہیں جس کی راہ کو ٹھیک طرح سے جانتے نہیں ہیں ۔ لیکن ہر لمحہ ہم نے خدا پر بھروسا رکھا اور محسوس کیا کہ خدا کی حضوری ہمارے ساتھ ہے ۔ ہم نے قدم بہ قدم خدا کی راہنمائی کی پیروی کی ۔

میں بتانا چاہوں گا کہ خدا کس طرح تیس برسوں سے ہمارے ساتھ ہے اور وہ ہمارے وسیلہ سے کون کون سے کام مکمل کرنا چاہتا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ اس پیغام کے وسیلہ آپ خدا داد رویا کی تکمیل میں مزید پُرجوش انداز اپنائیں گے ۔

### 1۔ ایسے لوگ بننا جن کا تعلق آسمان سے ہے نہ کہ زمین سے

پولس رسول نے آسمان پر فردوس کو دیکھا اوراپنے دل پر روحانی عالم کو نقش کر لیا۔ اُس نے ایک ہی بار آسمان کا جلال اور خوبصورتی دیکھ کر اِس حقیقت کو تسلیم کر لیا کہ جس بے معنی ہے اور اُس نے اپنی زندگی کا باقی حصہ اُن چیزوں کے لئے وقت کر دیا جو آسمان سے تعلق رکھتی ہیں ۔ خدا صرف پولس رسول سے ہی نہیں بلکہ ہر ایک سے ایسا ہی چاہتا ہے کہ آسمان کی چیزوں کی تلاش کریں جن میں روحانی چیزیں شامل ہیں ۔ وہ بڑی شدت سے اپنے فرزندوں کا منتظر ہے جو ہر طرح کی بے معنی اور جسمانی باتوں کو دُور کر یں اور ایسے لوگوں کے طور پر سامنے آئیں جن کا تعلق آسمان سے ہو۔ گزشتہ تیس برسوں سے خدا نے اِس چرچ کو بے شمار آسمانی چیزیں دکھائی ہیں ۔ روحانی پیغامات کے وسیلہ وہ ہمیں اُس روحانی عالم سے آگاہ کرتا ہے جسے انسان جان نہیں سکتا ۔ یہاں دیئے جانے والے تمام پیغامات کی تصدیق کے لئے ،یسوع مسیح کے نام میں ، خدا ایسی قدرت والے کام کرتا ہے جو انسان خود نہیں کر سکتا۔اس کے علاوہ ، ستائش کے گیتوں کے وسیلہ سے جو اُسی نے ہمیں بخشے ہیں ، خدا باپ ہمیں اپنی مرضی کا احساس زیادہ حقیقی انداز سے بخشتا ہے ۔

تمام پیغامات، سب قدرت کے کام اور سب موسیقی اور نغمے جو ستائش کے لئے گائے جاتے ہیں اس میں خدا کی گہری محبت شامل ہوتی ہے جن کی بابت وہ چاہتا ہے کہ سب ایماندار دیکھیں ، سُنیں اور اپنے دلوں میں سمجھیں تا کہ وہ یقینی طور پر ایسے لوگ بنیں جن کا تعلق آسمان سے ہو۔

بے شک خدا نے اِس چرچ میں آسمانی باتیں منکشف کی ہیں ، یہ ایسی چیزیں ہیں جو خود ایمان داروں کو تبدیل نہیں کر سکیں اور اُن کو آسمانی لوگ نہیں بنا سکتیں ۔ انصاف کی رُو سے ہر شخص کو ضرورت ہے کہ صفائی یا پاکیزگی کے دور میں سے گزرے اور اُسے ضرورت ہے کہ زور کے وسیلہ آسمان کی بادشاہی کو حاصل کر لے ۔یسوع نے کئی معجزات دکھائے لیکن اُن کو دیکھنے والے تمام لوگوں نے نجات نہیں پائی ۔ گو انہوں نے ظاہر ہونے والی عظیم اور عجیب قدرت کو دیکھا ، بعض لوگوں نے یسوع کا انکار بھی کر دیا کیونکہ انہوں نے اپنی سوچوں کی وجہ سے یسوع کو نہیں سمجھا ،انہوں نے سوچا کہ یسوع اُن کے لئے مفید نہیں تھا۔

بعض لوگوں نے معجزات دیکھ کر شروع میں تو اُس کی پیروی کی مگر جب انہوں نے روحانی پیغامات کی گہرائی کو سُنا تو انہوں نے ٹھوکر کھائی اور اُس کو چھوڑ دیا۔حتیٰ کہ جب یسوع کو گرفتار کیا کے مصلوب ہونے کے لئے لے جایا گیا توشاگرد بھی بھاگ گئے اور اپنے آپ کو چھپایا، کیونکہ انہوں نے محسوس کیا کہ اُن کی زندگیوں کو خطرہ ہے ۔ اُن میں سے ایک نے تو یسوع کا انکار بھی کیا۔ لیکن وقت کے ساتھ پاک کرنے والے دکھوں میں سے گزر کر انہوں نے جی اٹھنے والے خداوند کو دیکھا اور پاک روح



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

کے کاموں کے وسیلہ بہت جلد تبدیل ہو گئے۔وہ ایسے لوگ بن گئے جن کا تعلق آسمان سے ہے ، جو ہر طرح کے خطرات اور خدشات میں بھی دلیری کے ساتھ منادی کر سکے ۔

خد انے شاگردوں کو نہیں بدلا، اُن کو اختیار دی ااور سب کو ہی رسول بنا دیاکیونکہ خد اقادرِ مطلق ہے ۔ انہوں نے یسوع کی قدرت دیکھی اوراُس پر بھروسا کیا لیکن جب تک خالص سونے جیسا ایمان نہ پایا ، اُن میں سے ہر ایک کو پاک صاف کرنے والے دکھوں میں سے گزرنا پڑا۔

### 2۔ خدا نے ہمارے چرچ اراکین کو تربیت کا وقت دیا تا کہ اُن کا ایمان مضبوط ہو جائے

آج دنیا بھر میں بے شمار کلیسیائیں‌ہیں لیکن ہمیں ایسے ایماندار بمشکل ملتے ہیں جو پاک بننے کی منزل کے متلاشی ہیں ۔ بائبل مقدس ہمیں کئی جگہوں پر "پاک بننے" کا حکم دیتی ہے (احبار26:20؛ 1پطرس1:15-16؛ متی 48:5)،لیکن زیادہ تر ایماندار یہ سوچتے ہیں کہ وہ پاک نہیں بن سکتے اور صرف اتنا کر سکتے ہیں کہ گناہ کرنے کی کوشش نہ کریں ۔وہ روح اور پوری روح کے نظریہ کو بھی نہیں سمجھتے اس لئے صرف یہی سوچتے ہیں کہ بے ایمان لوگ زیادہ جسمانی ہوتے ہیں اور خداوندکو قبول کرنے والے ایماندار لوگ ہی روحانی ہوتے ہیں۔

پس، خدا نے اس دنیا کو پاکیزگی کا نمونہ دکھانے کے لئے اپنی عزیز کلیسیا کو چُنا ہے ۔درحقیقت ،عارضی انداز میں ، گو کوئی شخص اپنی ایمانی زندگی میں جتنے کی سخت کوشش کیوں نہ کر لے ، تاہم ایمان کی چٹان پر کھڑے ہونا آسان نہیں ہے ۔حتیٰ کہ بائبل مقدس میں بھی یہ ہے کہ کسی پوری نسل میں سے بھی انسان کا پوری روح کا بن جانا آسان نہیں ہے ۔

دراصل بنیادی بات یہ ہے کہ کسی کا دل باطن میں نیک ہو اور خد اکی خاص مداخلت کے وسیلہ دکھوں اور پاک ہونے کے دور میں سے گزر کر اپنے آپ کو مکمل طور پر تسلیم کرنا پڑتا اور اُسے اپنی انا کو توڑنا پڑتا ہے ۔

لیکن خدا نے اپنی عزیز کلیسیا کوخاص فضل بخشا ہے ۔اس کا یہ مطلب ہے کہ خد اہمیں تربیت کا وقت دیتا اور ہمارے باطنی دلوں کو تبدیل کرتا اور جلد ہی روح کی تکمیل کرتا ہے ۔چرچ کے آغاز سے ہی اراکین خدا کے قدرت کے کام دیکھتے چلے آ رہے ہیں اور انہیں زندہ خد کا کامل یقین ہے ۔ خدا کی قدرت کے وہ عظیم کام دیکھ کر جو ہر ہفتہ ظاہر ہوتے ہیں ، وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اُن کا ایمان بہت تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے ۔ لیکن خد ا کے پاس وقتاً فوقتاًایمان کو پرکھنے کے لئے مختلف راہیں ہوتی ہیں ۔ اطمینان اور خوشحالی کے وقتوں میں ایسا لگتا ہے کہ ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ سب حقیقت ہے ،لیکن وہ وقت دکھوں کا تھا جس دوران سچائی اور جھوٹ کے بیچ امتیاز ہوا تھا۔

چرچ کی آزمائشوں کی بہترین مثال وہ ہے جو اس پر 1998اور 1999میں آئی تھیں ۔ وہ اراکین جو ظاہری طور پر وفادار دکھائی دیتے تھے آزمائشوں کی شدید ہوائوں کے سبب سے الگ ہو گئے ،بالکل ویسے جیسے چھاج میں صفائی کرنے پر بھوُسا گیہوں سے الگ ہو جاتا ہے ۔ وہ لوگ جو محض ظاہری طور سے وفادار لگتے تھے لیکن انہوں نے اپنے دل کا ختنہ نہیں کیا تھا اور وہ بھی جو خد اکی محبت کے ساتھ اپنے گناہوں کو دُور کر رہے تھے ،الگ ہو گئے ۔ وہ لوگ جو انسانوں سے ڈرتے تھے اور اس دنیا کے ساتھ مفاہمت کرنے والے تھے اور وہ لو گ جن کا ایمان مضبوط تھا اور خدا کے حضور راستبازی میں قائم رہتے تھے وہ بھی الگ ہو گئے ۔ اس آزمائش کے دوران چرچ اراکین میں سے سب کے پاس ایک بہترین موقع تھا کہ اپنے ایمان کو پرکھے اور سمجھے ۔

جب 2000میں یہ آزمائشیں ختم ہوئیں تو خدا نے اس چرچ کو پوری بھرپوری کے ساتھ دنیا میں جانے کا موقع دیا ۔خد انے ہمارے چرچ کے راکین کے ایمان کو سمندر پار کروسیڈز کے وسیلہ بڑھنے کا موقع دیا ۔ لیکن ایک خاص وقت آیا جس میں کچھ عجیب کام ہونا شروع ہو گیا۔ خدا کی قدرت اور بھی زور سے ظاہر ہونے لگی ، لیکن بعض پہلو ایسے بھی تھے جن میں چرچ کے اراکین کا ایمان کم ہونا شروع ہو گیا تھا۔

کئی ارکان کا کہنا تھا کہ وہ بڑی تڑپ کے ساتھ روح القدس پانے کی کوشش میں تھے مگر انہوں نے محسوس کیا کہ معاملہ کچھ ٹھیک نہیں ہے ۔ اُن کاخیال تھا کہ بعض معاملات میں انہوں نے توبہ کی مگر چونکہ ماضی میں گناہ کی تعمیر ہونے والی دیوار مکمل طور سے گرائی نہیں گئی لہٰذا اُن کے ایمان کی ترقی سُست پڑ گئی ۔بعض دیگر معاملات میں ،اراکین ایمان میں پُرجوش تھے لیکن کسی خاص وقت پر آ کر انہوں نے واپس دنیا کی طرف دیکھنا شروع کردیا اور ایسے گناہ کرنا شروع کر دیئے جن کا نتیجہ موت ہے ۔کچھ لوگ اس لئے فضل اور آسمان سے مضبوطی نہیں پا سکے اس لئے اُن کی اپنے اندر سے گناہ کو نکال باہر کرنے کی رفتار کم ہو گئی اور یہ اُن کے لئے خود ساختہ راستبازی اور حلقہء اعمال کو توڑلینا اُن کے لئے آسان نہیں رہا تھا ۔ ب تک ان افردا کی مشکلات حل نہیں ہو جاتیں ، وہ روحانی عالم میں نہیں جا سکتے خواہ انہوں نے روحانی عالم کے بارے میں بہت کچھ دیکھا اور سُنا کیوں نہ ہو۔ 25دسمبر2010کو ملنے والا توبہ کا موقع اس مسئلہ کا بہترین حل تھا ۔ جب بنیادی قسم کی مشکلات حل ہوگئیں جن سے روحانیت میں تیزی آتی ہے اور گناہ کی دیوار گرائی گئی ، تو اُن کے ایمان کی ترقی میں بڑی تیزی آگئی ۔انہوں نے خدا کی محبت کو دل کی گہرائی سے جانا اس لئے انہوں نے نہ صرف اپنے گناہوں سے توبہ کی بلکہ وہ سامنے آکر ایمان کی چٹان پر کھڑے ہوئے اور روح اور پوری روح میں شریک ہو گئے ۔خد اکی یہی محبت ہے جو زمین پر منکشف ہوتی ہے ۔

عزیز بھائیواور بہنو!جلد ہی آپ میں سے بہتیرے ایمان کی چٹان پر کھڑے ہوں گے اور مزید یہ کہ آپ کے ایمان کی اوسط 'روح' کے قریب تر ہوگی ۔صرف اُسی وقت آپ دنیا میں انجیل کی بشارت کی عظیم ذمہ داری پوری کر سکیں گے اور عظیم عبادت گاہ کی تعمیر مکمل کر سکیں گے ۔خدا باپ نے تیس سال ہمارا انتظار ایسے کیا ہے جیسے ایک دن ہو ،وہ اِس دن کے آنے کا منتظر تھا۔ میری امید ہے کہ آپ خدا کی مرضی کو جانیں اورپاکیزگی کے پھلوں کی طرح جلدی سے آگے آئیں تا کہ آپ اخیر زمانہ میں خدا کے پیشگی انتظامات کی تکمیل کے لئے بیش قیمت ہتھیار بنیں ۔

## ایمان کا اقرار

1. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن الكتاب المقدس هو كلمة نفخةاللّٰه وبأنه كامل وبدون نقص.
2. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بوحدة وبعمل اللّٰه الثالوث: اللّٰه الآب القدوس,اللّٰه الإبن القدوس,اللّٰه الروح القدس.
3. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بأن خطايانا مغفورة فقط بدم يسوع المسيح الفادي.
4. تؤمن كنيسة مانمين المركزية بقيامة وبصعود يسوع المسيح, بمجيئه الثاني,بالحكم الألفي,وبالسماء الأبدية.
5. أعضاء كنيسة مانمين المركزية يعترفون بإيمانهم من خلال "قانون الإيمان" في كل مرة يجتمعون فيها ويؤمنون بمحتواه حرفياً.

"وہ (خدا) توخود سب کو زندگی اور سانس اور سب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال25:17)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات پائیں"۔(اعمال12:4)

Urdu

مانمن نیوز

شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ

نمبر3-235 گُروڈونگ 3، گُروُ۔گو، سیول کوریا (848-152)
فون 82-2-818-7047 فیکس 82-2-818-7048
ویب سائٹ www.manmin.org/english
ای میل manminministry@hotmail.com
ناشر: ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِاعلیٰ: سینئر ڈیکنیس گیومسُن وِن



| بلغاریہ | پاسٹر آئیون آذر باسانوو

## "ڈاکٹر جے راک لی نہایت حلیم شخص ہیں اور اُن کا وعظ پُرزور تھا"

میں پاسباں ہوں اور میرا تعلق بلغاریہ سے ہے اور بیک وقت مختلف چرچ کی 15ذیلی شاخوں کے ساتھ کام کرتا ہوں۔ 2011میں میرے چرچ کے ارکان میں سے ایک نے جو کہ کالج کے شعبہ طِب کے پروفیسر ہیں آسٹریلیا میں منعقدہ WCDN انٹرنیشنل کرسچن میڈیکل کانفرنس میں شرکت کی ۔ اُس رُکن کے وسیلہ میں نے مانمن منسٹری کے بارے میں جانا ۔ میں خد اکی قدرت کا مشتاق تھا اور بالآخر میں پہلی بار مانمن سینٹرل چرچ گیا۔ میں بہت متاثر ہوا اورلوگوں کو پورے دل کی گہرائی سے خدا کی خدمت اور دعا کرتے دیکھ کر بڑی برکت پائی ۔

سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی بہت ہی حلیم اور کُشادہ دل انسان ہیں ۔ وہ کئی لوگوں سے پیار کرتے اور اُن کی خدمت کرتے ہیں ۔ اُن کا پیغام پُرزور تھا اور انہوں نے مسیحی ایمان کی بنیادی اور کلیدی باتیں سکھائی ہیں ۔

بالخصوص میں اور میری بیوی جس نے اپنے کالج کے زمانہ میں موسیقی کا علم پڑھا تھا،دونوں نے تیسویں یومِ تاسیس کے جشن میں فنی مظاہرے کے وسیلہ ناقابلِ بیان فضل پایا ۔ وہ خوبصورت فنی مظاہرہ ایسا شاندار تھا کہ ایسا لگتاتھا ہمارے سامنے آسمان کھول کر رکھ دیا گیا ہو۔

مانمن کے نِسی آرکسٹرا نے ہمیں بہت متاثر کیا کیونکہ کسی بھی چرچ کے لئے آرکسٹرا رکھنا آسان نہیں ہوتا۔ میری بیوی ہمارے چرچ میں موسیقی کی نگران ہے اور اُس نے سارے فنی مظاہرے کے دوران خدا کی محبت اور حضوری کو محسوس کرتے ہوئے خد اکی محبت کو محسوس کرتے ہوئے بہت آنسو بہائے ۔

خالص ستائش اور رقص سے ہمیں بڑی برکت ملی اور ہم نے شدت کے ساتھ یہ محسوس کیا کہ ایسی خالص عملی عبادت خدا کے حضور نذرانہ ہے ۔ میں اپنے چرچ میں یہ فنی مظاہرہ دکھا کر نوجوانوں اور بچوں کو سکھانا چاہتا ہوں کہ کس طرح کی ستائش خدا کو پسند آتی ہے ۔

# مانمن سینٹرل چرچ آنا میری زندگی کی سب سے بڑی شادمانی ہے



مانمن سینٹرل چرچ نے ابتدائی کلیسیا جیسے اپنے خوبصورت کاموں، اپنی بیداری اور عجیب ترقی کے وسیلہ خدا کو جلال دیا ہے ۔ڈاکٹر جے راک لی کی سربراہی میں چلنے والی مانمن منسٹری کی ابتدائی تفصیلات کے لئے بے شمار لوگ غیر ممالک سے چرچ آتے ہیں ۔ آئیں اُن لوگوں کی پُرفضل گواہیاں دیکھیں جنہوں نے تیسویں یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کی اور مانمن سینٹرل چرچ تشریف لائے ۔




| امریکہ | ڈاکٹر سرجی مارٹائنک

## "میرے تمام طے شُدہ وقت میں خدا کی محبت اور خداوند کے فضل کا پُرزور بہاؤ جاری رہا"



مجھے 2006میں ڈاکٹر جے راک لی کے نیویارک یونائیٹڈ کروسیڈ سے کچھ دیر پہلے مانمن سینٹرل چرچ کے بارے میں معلوم ہوا تھا ۔ایلڈر جونی جے کِم کروسیڈ کی تیار ی کے لئے پہلے ہی امریکہ پہنچ چکے تھے اور انہوں نے میرے لئے اُس رومال کے ذریعہ دعا کی جس پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوئی تھی ۔مجھے ٹانگ کے آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے شفا مل گئی ۔ پھر، میں نے نیویارک یونائیٹڈ کروسیڈ میں شرکت کی اور خدا کی قدرت کے عجیب کام ڈاکٹر جے راک لی کے وسیلہ ہوتے دیکھے ۔اُن کے وسیلہ میری مسیحی زندگی کی تجدید ہو گئی ۔

اُن کا وعظ بعنوان "صلیب کا پیغام" سُن کر میں شادمان مسیحی زندگی گزارنے لگا۔

کئی لوگ یہ کہتے ہیں کہ وہ خداوند پر ایمان رکھتے ہیں ۔ لیکن اُن میں سے زیادہ تر جانتے نہیں کہ وہ ایمان میں کس طرح بڑھ سکتے ،آسمان کر اچھی سکونت گاہ کیسے لے سکتے ،اور کامل نجات کیسے پا سکتے ہیں ۔اُن میں سے اکثر اِس دنیا کے ساتھ مفاہمت کر لیتے ہیں ۔ بہر حال ڈاکٹر جے راک لی ہمیں کلیدی حقائق کے ذریعہ ایک واضح مسیحی زندگی کے بارے میں سکھاتے ہیں جس میں مختلف آسمانی سکونت گاہیں اور ایمان کے درجات شامل ہیں تا کہ ہم اپنی مسیحی زندگیوں کو امید کے ساتھ مطابقت دے سکیں ۔

جب میں مانمن سینٹرل چرچ گیا تو تمام وقت خدا کی محبت اور خداوند کے فضل کا بھرپور بہاؤ جاری رہا ۔ میں نے چرچ کے اراکین میں حقیقی مسیح زندگی دیکھی ۔ ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کرواتے ہوئے مجھے آگاہی ہوئی کہ وہ ایساچرواہا ہے جو پورے خلوص کے ساتھ جانوں سے محبت رکھتا ہے ۔

تیسویں یومِ تاسیس کے جشن کے موقع پر فنی مظاہرہ "آسمان اور جہنم" دیکھ کر میں ششدر رہ گیا جسے خدا داد ستائشی گیتوں ، رقص اور موسیقی کے سازوں کے ساتھ پیش کیا گیا تھا ۔ اِس طرح آسمان کے لئے میری امید بڑھی ۔

| انڈونیشیا | اسٹر ایلی تانووِجیا

## "میں نے ایسی خوشی اور شادمانی محسوس کی جیسے میں آسمان پر ہوں"



میں پاسبان ہوں اور اپنے خاوند پاسٹر لُوہٹ کی زیرِ نگرانی چلنے والے چرچ میں انجیل کی منادی کرتی ہوں ۔دوسال پہلے 2010میں اُن کو مرکزی مانمن سینٹرل چرچ میں کلیسیائی فضائی استقبال کی تصویر دیکھنے کے بعد دمہ (دم کشی) کے شدید مرض سے شفا ملی تھی ۔

ہم نے ڈاکٹر جے راک لی سے رومالوں پر دعاکروائی (اعمال 19:11-12)اور اُن کے ساتھ مل کر اپنے چرچ کے اراکین کے لئے دعا کی ۔ ہم نے رومالوں پر کی گئی دعا سے اُن کو مختلف بیماریوں سے شفا پاتے دیکھا اور بہت خوش ہوئے ۔ڈاکٹر جے راک لی کی ڈی وی ڈی پر ریکارڈ شُدہ دعا "پاور آف گاڈVI" سے ہمارے اراکین نے اپنی بیماریوں سے شفا پائی اور اُن کے مسائل بھی حل ہو گئے ۔

سات سال پہلے 2005میں ہمارے چرچ کے ایک رُکن نے ہمیں ڈاکٹر جے راک لی کی کتابیں "آسمان حصہ 1اور جہنم "کے موضوعات پر کتابیں دیں ۔وہ کتابیں پڑھ کر ہمنے آئندہ جہان کی حقیقت کو بڑی شدت سے محسوس کیا ۔اُس وقت سے اب تک ہم نے کتابیں اور مانمن نیوز انڈونیشیا کی زبان میں اپنے پڑوسیوں اور دیگر لوگوں میں تقسیم کی ہیں ۔

گزشتہ سات سال تک دعا کرتے ہوئے میں نے مانمن سینٹرل چرچ جانے کی تیاری کی ۔ وہاں جا کر میں نے اراکین کے لئے ڈاکٹر جے راک لی کی گہری محبت کو محسوس کیا اور بحیثیت پاسبان میں نے بڑا فضل پایا ۔

تیسویں یومِ تاسیس کے جشن میں فنی مظاہرہ دیکھ کر میں نے انتہا درجہ کی خوشی اور شادمانی محسوس کی، ایسے جیسے میں آسمان پر ہوں ۔میرے لئے حیرت انگیز بات تھی کہ کوئی چرچ اس طرح کا فنی مظاہرہ بھی کر سکتا ہے ۔ لباس اور منظر کشی نہایت فنکارانہ اور دلکش تھی ۔میرے اندر بھی ایسے فنی مظاہرہ کی خواہش اٹھی جس سے میرے چرچ کے اراکین میں آسمان کے لئے امید پید اہو سکے ۔



| جاپان | سسٹر یمانی کیوکو

## "موآن میٹھے پانی کے چشمے پر مجھے روحانی عالم کا تجربہ ہوا"

میرا ایمان ہے کہ مانمن سینٹرل چرچ دریافت کر لینا میری زندگی کا سب سے اچھا تجربہ ہے ۔اراکین کی محبت اور فنی مظاہرے نے مجھے آسمان کی امید بخشی ۔میں اپنی شادمانی کو ٹھیک طرح بیان بھی نہیں کر سکتی ۔ مجھے موآن کے میٹھے پانی کے چشمے پر عجیب و غریب تجربات مِلے جہاں ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے وسیلہ نمکین پانی میٹھے پانی میں تبدیل ہو کر پینے کے قابل ہو گیا تھا (خروج 15:25)۔

میں غیر ملی مہمانوں کے ساتھ مانمن چرچ گئی جو مانمن کے تیسویں یومِ تاسیس کے موقع پر شرکت کے لئے آئے تھے ۔خد انے اُن کی روحانی آنکھیں کھول دیں اور ان میں سے اکثر نے روحانی دنیا دیکھی ۔میں نے بھی درختوں کے درمیان انبیاء کو ، روح کی تلوار کو، سنہری جواہرات کو اور مجھ آنے والی آسمانی سیڑھی کو دیکھا ۔سورج کے ارد گرد روح کی کئی تلواریں مجھے نظر آئیں ۔ میں نے سبز رنگ اور مختلف رنگوں کی روشنیاں بھی دیکھیں اور درخت کی شکل کی ایک بہت ہی بڑی روشنی بھی دیکھی ۔

مجھے روحانی دنیا کی موجودگی کا احساس ہوا جس سے مجھے آسمان کی اور بھی عظیم امید ملی ۔مزید یہ کہ جب میں نے خود کو سات بار موآن کے میٹھے پانی کے حوض میں اتارا تو مجھے کندھوں کی اکڑن، آنکھوں کی تھکن اور ٹانگ کی سوزش سے شفا مل گئی ۔

# سنگاپور اور ملائشیا میں رومالوں کے ذریعہ شفائیہ کروسیڈ کا انعقاد

### سمندر پار چائینز کے لئے بھرپور مشنری کام کا آغاز

13سے 22ستمبر2012کے دوران سمندر پار چائینز کے لئے سنگا پور اور ملائشیا میں رومالوں کے ذریعہ شفائیہ کروسیڈ کا انعقاد کیا گیا ۔ مانمن سینٹرل چرچ سے واعظ پاسٹر سنگ چِل لی نے انجیلِ مقدس کی منادی کی اور کروسیڈ اور چرچ لیڈرز سیمینار میں پیغام کے بعد نشانات کے وسیلہ دکھایا کہ خدا زندہ ہے۔

یہ عبادات جن کے ذریعہ سمندر پار چائینز کے لئے مشنری کام میں بجلی کی سی تیزی آگئی تھی ، ان کی میزبانی صدر کرسچن پرئیر سینٹر اِن سنگا پور،پاسٹر میری لئیونے ک انہوں نے مانمن مشن ٹیم کو مدعو کر کے سمندر پار چائینز پاسبانوں اور تائیوان کے چرچ اراکین ، پی آر سی ، آسٹریلیا اور جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک اور یورپ سے پاسبانوں کے لئے کروسیڈاور سیمینارز کا انعقاد کیا ۔2007میں انہیں ڈاکٹر جے راک لی کی کتابوں "آسمان 1اور 2" سے خاص تحریک ملی اور انہوں نے مانمن سینٹرل چرچ کا دورہ کیا ۔ اُس وقت سے اُن کا مانمن سے قریبی تعلق بن گیا ۔

انفرادی طور پر مسٹر کام ٹِن سیح ، مسز جُون ربیقہ اور اُن کے خاوند ، اور مشنری پِنگ پِنگ وونگ از سنگا پور اور مسز دیبورہ تانگ از ملائشیا جن کو ڈاکٹر جے راک لی کی بھرپور خدمت اور اُن کی کتابوں کے وسیلہ سے برکت ملی تھی ، انہوں نے کروسیڈز اور سیمینارز میں دل سے مالی ، اخلاقی اور ذاتی طور سے وقف ہو کر معاونت کی ۔

### سنگاپور

13اور14ستمبر 2012کو شائین آڈیٹورئیم سنگاپور میں 760شرکاء کے ساتھ کروسیڈز کا انعقاد کیا گیا۔پہلا کروسیڈ مشنری پِنگ پِنگ وونگ کی ابتدائی دعا سے شروع کیا گیا اور افتتاحی تقریب میں سنگا پور سمیت آٹھ ممالک کے پاسبانوں اور چرچ لیڈرز نے حصہ لیا ۔

مانمن سینٹرل چرچ کے سائونڈ آف لائٹ کورس نے ہر کروسیڈ میں خصوصی فنی مظاہرہ کیا ۔ پاسٹر لیئو نے کہا "میں نے 23سال پہلے ایک رویا میں کلیسیائی فضائی استقبال دیکھا تھا ۔ اس وقت سے میں‌نے یہ منادی کی ہے کہ ہم مسیحیوں کو خداوند کی دوسری آمد کے لئے تیار رہنا چاہئے ۔ جب میں نے مانمن سینٹرل چرچ میں کلیسیائی فضائی استقبال کی تصویردیکھی تو دیکھا کہ تو وہی ہے جو میں نے رویا میں دیکھا تھا اور اس سے میرے دل کو بڑی تحریک ملی ۔"

ڈاکٹر جے راک لی کی بھرپور خدمت پر مبنی ڈی وی ڈی پر ایک پریزنٹیشن "پاور آف گاڈVI" دکھائی گئی ۔ شرکاء اس سے بہت متاثر ہوئے اور پاسٹر سنگ چِل سے دعا کی درخواست کی ۔ پاسٹر سنگ چِل لی نے بیماروں پر وہ رومال رکھ کر دعا کی جن پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوئی تھی ۔ جن لوگوں کے لئے چلنا مشکل تھا وہ چلنے لگے اور جن کے کندھو ن میں ، کمر میں درد تھا وہ بھی شفا پا گئے ۔

14ستمبر2012کو صبح اور دوپہر کے وقت دو کروسیڈ منعقد کئے گئے ۔پاسٹر لی کے پیغام اور رومالوں کے ذریعہ بیماروں کے لئے دعا کے بعد کئی لوگوں نے اپنی مختلف بیماریوں سے شفا کی گواہی دی جس میں انہیں چلنے کی مشکل اور کمزور بینائی سے شفا ملی تھی ۔ 15ستمبرکو کوالٹی ہوٹل میں‌آٹھ ممالک بشمول آسٹریلیا اور بیلجئیم شامل ہیں ، 190شرکاء کے ساتھ چرچ ورکرز سیمینار منعقد کیا گیا ۔ انہوں نے مانمن کے ساتھ مسلسل تعاون کا اظہار کیا اور ہم سے مشنری ٹیم تائیوان، چین اور مشرقی ملائشیا بھیجنے کی درخواست بھی کی ۔ 16ستمبرکو سنگا پور مانمن چرچ نے پوری شادمانی اور شکر گزاری کے ساتھ بطور خادم مشنری پِنگ پِنگ وونگ کے ہمراہ اپنی افتتاحی عبادت کی تقریب منعقد کی ۔

### ملائشیا

18ستمبر2012کو ہماری مشنری ٹیم نے ملائشیا مانمن پبلشر کا دورہ کیا اور اس کی صدر محترمہ دیبورہ تانگ سے ملاقات کی اور ڈاکٹر جے راک لی کی کتابوں کے ذریعہ اشاعتی خدمت کی اہمیت پر روشنی ڈالی ۔شام کے وقت ایک اور کروسیڈ کیلوری لائف اسمبلی میں منعقد ہوا جس میں تقریباً750لوگوں نے شرکت کی اور کئی لوگوں کو رومالوں کی دعا کے وسیلہ شفا ہوئی اور انہوں نے خدا کا جلال دیا ۔

19ستمبر کو صبح کے وقت مانمن مشن ٹیم نے پاسٹر میری لئیو میلاکا دعائیہ ہائوس کادورہ کیا اور پھرملائشیاکے دارالحکومت کوالالمپور چلے گئے ۔شام کے وقت بورنیو ایونجیلکل کوالالمپور چائنیز چرچ میں ایک کروسیڈ منعقد کیا گیا۔ کروسیڈ میں سائونڈ آف لائٹ کورس کی طرف سے خوبصورت فنی مظاہرہ کیاگی اور 'پاور آف گاڈVI' کی پریزنٹیشن دکھائی گئی جس پر حاضرین نے جی بھر کے تالیاں بجائیں ۔ 20ستمبر کو ہونے والے کروسیڈ میں دعا کروانے والے متعدد لوگوں نے شفاپائی اور خدا کو جلال دیا۔ اُسی روز دوپہر ایک بجے پاسٹرز اور چرچ ورکرز سیمینارمنعقد کیا گیا۔

21ستمبر کو رومالوں کا یونائیٹڈ کروسیڈ ریستوران سُن لی ہائو فُوک میں منعقد کیا گیا جس کی میزبانی کئی چرچز نے اپوہ میں کی اور اس میں تقریباً550لوگوں نے شرکت کی ۔ ایک پاسٹر نے مائشیا میں مسیحیوں کی بیداری اور الٹے پھر جانے کے بارے میں کلام سُنایا اور مسیحی زندگی کی اہمیت پر زور دیا ۔

22ستمبرکو شام کے وقت ایک کروسیڈ سینٹ پیٹرز چرچ اپوہ میں منعقد ہوا جس میں 500لوگوں نے شرکت کی۔ ایک ڈی وی ڈی پریزنٹیشن دکھائی گئی جس میں ڈاکٹر لی کا 2009میں‌منعقدہ اسرائیل یونائیٹڈ کروسیڈ دکھایا گیا۔ اس کو دیکھ کر حاضرین نے پُرجوش تالیاں بجا کر خدا کو جلال دیا۔

مشن کے اِس کام کے وسیلہ چائینز ایمانداروں کے دلوں میں انجیل مقدس اور خدا کی قدرت کے بارے میں شدید خواہش دیکھی گئی۔انہوں نے ڈاکٹر جے راک لی کی کتابوں کے تقریباً 830نسخے خریدے اور اُن میں نے اکثر نے مانمن چرچ سے درخواست کی کہ ڈی وی ڈی 'پاور آف گاڈVI' کی عام مارکیٹ میں دستیابی ممکن بنائی جائے ۔اس کے علاوہ ، انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ مزید کروسیڈ منعقدکئے جائیں ۔ ہمیں سمندر پار چائینز کی خدمت سے بڑی توقعات ہیں جو روح القدس کے آتشین کاموں میں کی جائے گی ۔













تصویر 1۔مرکزی واعظ پاسٹر سُنگ چِل لی رومالوں کے بارے میں وضاحت کررہے ہیں
تصویر 2۔ سائونڈ آف لائٹ کورس کا خوبصورت فنی مظاہرہ
تصویر 3۔ آٹھ ممالک کے چرچ ورکرز اور پاسبانوں کی طرف سے افتتاحی تقریب کی ادائیگی
تصویر 4۔ پاسٹر میری لئیو جنہوں نے مانمن مشن ٹیم کو مدعو کیا
تصویر5۔ دیبورہ تانگ ، صدر مانمن پبلشر اِن ملائشیا
تصویر6۔کیلوری لائف اسمبلی (چائینز) اسبلیز آف گاڈ میلاکاکے کروسیڈ میں 750سے زیادہ افراد کی شرکت
تصویر7۔اپوہ ، ملائشیا میں منعقدہ چرچز یونائیٹڈ کروسیڈ
تصویر8۔شائن ایڈیٹوریئم سنگا پور میں منعقدہ کروسیڈ
تصویر9۔ مشنری پِنگ پِنگ وونگ افتتاحی دعا کرتے ہوئے اور سنگاپور مانمن چرچ میں خدمت کے دوران
تصویر10۔ پاسٹر لی رومالوں کے ذریعہ بیماروں کے لئے دعا کر رہے ہیں
تصویر11۔ وہ ایماندار اپنے کانٹک لینز دکھا رہے ہیں جنہیں دعا کے وسیلہ نظر کی کمزوری سے شفا مل گئی